## دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

## پریس ریلیز

### فیکلٹی آف ڈینٹسٹری کے طلبہ نے آئی سی ایم آر۔ایس ٹی ایس دو ہزار چوبیس پچیس کی موقر گرانٹ جیتی

18 Augsut,2025

فیکلٹی آف ڈینٹسٹری، جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ اعلان کرتے ہوئے فخر کا احساس ہو رہا ہے کہ بیچلر آف ڈینٹل سرجری (بی ڈی ایس) پروگرام کے دو طلبہ کو انڈین کونسل آف میڈیکل رسرچ (آئی سی ایم آر) نئی دہلی کی جانب سے انتہائی مقابلہ جاتی مختصر مدتی اسٹوڈینٹ شپ (ایس ٹی ایس) دو ہزار چوبیس کی ریسرچ گرانٹ ملی ہے۔

آئی سی ایم آر کا ایس ٹی ایس پروگرام ایک قومی پہل ہے جو ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس پروگراموں کے انڈر گریجویٹ طلبہ میں تحقیقی انداز نظر کے فروغ کے مقصد سے تیار ہوا ہے نیز تجربہ کار فیکلٹی کی رہنمائی و سرپرستی میں طلبہ کو تحقیقی طریقہ کار اور تکنیک سے عملی طور پر آراستہ کر کے انھیں اہل بنانے کے لیے ہے۔ ہر منتخب طالب علم کو تعلیمی سال دو ہزار چوبیس پچیس میں اپنا منظور شدہ تحقیقی پروجیکٹ کرنے کے لیے پچاس ہزار روپے کا وظیفہ ملے گا۔

فیکلٹی آف ڈینٹسٹری نے تواتر کے ساتھ توانا تحقیقی فضا کی استواری میں اپنا رول ادا کیا ہے، اس میں زیر تعلیم طلبہ ڈینٹل سائنس سے لے کر بین علومی شعبوں میں بھی اپنی اختراعی تحقیق سے بڑی تعداد میں آئی سی ایم آر کا ایس ٹی ایس کے انعامات حاصل کیے ہیں۔

اس سال کے انعام یافتگان درج ذیل ہیں:

ایک۔ **فونا راؤ**۔ پروجیکٹ کا عنوان: کمپریٹیو ایویلوایشن آف ٹو ریڈیوگرافک میتھڈس آف ڈینٹل ایج ایسٹی میشن ان چلڈرین اینڈ ایڈولسنٹس: اے اسٹینڈ پوائنٹ آف فارینسک اوڈونٹولوجی۔ نگراں و سرپرست: **پروفیسر (ڈاکٹر) امن چودھری**

دو۔ **زائرہ حسین**۔ پروجیکٹ کا عنوان: کمپریٹیو اسیسمنٹ آف ٹیمپورومنڈیبولر جوائنٹ اینڈ مسٹیکیٹری مسلز ایکٹی ویٹی یوزنگ یونی لیٹریل ورسیس بائی لیٹریل جاو اوپینر ان پیشینٹس ود ٹرسمس۔ نگراں و سرپرست: **پروفیسر (ڈاکٹر) دیبورہ سائی بل**

پروفیسر (ڈاکٹر) کیا سرکار، ڈین، فیکلٹی آف ڈینٹسٹری انڈر گریجویٹ سطح پر تحقیق پہل اقدام کی پرزور وکالت کرتی ہیں۔ انھوں نے دونوں طلبہ کو ان کی شان دار کامیابی کے لیے مبارک باد دی اور افضلیت کی جانب رہنمائی کے لیے ان کے نگراں

حضرات کی ستائش کی۔

فیکلٹی نے انعام یافتگان اوران کے نگراں کواس شان دار کامیابی پر مبارک باددی جس سے فرائض کے تئیں متواتر وقف ہونے کے ساتھ ساتھ تعلیمی افضلیت، تحقیقی جدت اور ہیلتھ کیئر سیکٹر میں بامعنی تعاون کے تئیں یونیورسٹی کا عہد جھلکتا ہے، مستقبل میں بھی فیکلٹی کوامید ہے کہ آئندہ برسوں میں اس طرح کی مزید کامیابیاں سامنے آئیں گی۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ